ایک چھوٹا بیج: ونگاری ماتھائی کی کہانی

Nicola Rijsdijk
Maya Marshak
Samrina Sana
urdu
nivå 3

مشرق افریقہ میں کینیا کے پہاڑوں کے ساحل پر ایک گاؤں میں
ایک چھوٹی لڑکی اپنی ماں کے ساتھ کھیتوں میں کام کرتی تھی۔ اُس کا
نام ونگاری تھا۔

ونگاری کو باہر رہنا پسند تھا۔ اپنے گھر کے باغیچے میں اُس نے چاقو سے مٹی کو کھودا۔ اُس نے چھوٹے بیجوں کو گرم زمین میں دبایا۔

سورج غروب ہونے کے فوراً بعد کا وقت اُس کا پسندیدہ وقت تھا۔ جب پودے دیکھنے کے لیے کافی اندھیرا ہو گیا تو ونگاری کو معلوم تھا کہ اب اُسے گھر جانے کا وقت ہے۔ وہ کھیتوں کے درمیان تنگ راستوں سے دریا کو پار کرتی ہوئی نکلی۔

ونگاری ایک ہوشیار بچی تھی اور سکول جا نے کے لیے بے
تاب تھی۔ لیکن اُس کی امی اور ابو اُ سے گھر پر رکھنا چاہتے تھے،
تاکہ وہ اُن کی مدد کر سکے۔ جب وہ سات سال کی ہوئی اُس کے
بڑے بھائی نے امی ابو کو اس کے سکول جا نے کے لیے
اُکسایا۔



اُسے سیکھنا پسند تھا۔ ونگاری ہر کتاب کے ساتھ زیادہ سے زیادہ سیکھتی۔ اُس کی سکول کی شاندار کارکردگی کی بنا پر اُسے امریکی ریاست میں پڑھنے کی دعوت ملی۔ ونگاری بہت خوش تھی۔ وہ دنیا کے بارے میں اور جاننا چاہتی تھی۔



امریکی یونیورسٹی میں ونگاری نے بہت سی نئی چیزیں سیکھیں۔ اُس نے پودوں کے بارے میں پڑھا کہ وہ کیسے اُگتے ہیں۔ اور اُس نے یاد کیا کہ وہ کیسے بڑی ہوئی: اپنے بھائی کے ساتھ کھیل کھیلتے ہوئے کینیا کے جنگلوں کے خوبصورت درختوں کی چھاؤں میں۔



زیادہ سیکھنے پر، اُس کا یہ احساس بڑھتا چلا گیا کہ وہ کینیا کے لوگوں سے پیار کرتی تھی۔ وہ اُنہیں خوش اور آزاد دیکھنا چاہتی تھی۔ زیادہ سیکھنے پر اُسے اپنے افریقی گھر کی اور یاد آتی۔

تعلیم مکمل ہو نے پر وہ کینیا لوٹی۔ لیکن اُس کا ملک بدل چکا تھا۔ کھیت زمین پر زیادہ پھیلے ہو ئے تھے۔ عورتوں کے پاس جلا نے کے لیے لکڑی نہ تھی جس پر وہ کھانا بنا سکتیں۔ لوگ غریب تھے اور بچے بھوکھے تھے۔



ونگاری کو معلوم تھا کہ اُ سے کیا کرنا ہے۔ اُس نے عورتوں کو
بیج سے درخت اُگانا سکھا ئے۔ عورتوں نے درخت بیچے اور
اپنے گھروں کی دیکھ بھال کی۔ عورتیں بہت خوش تھیں۔ ونگاری
نے اُنہیں مضبوط بننے میں اُن کی مدد کی۔

جیسے جیسے وقت گزرتا گیا۔ نئے درختوں نے جنگل کی صورت اختیار کر لی اور دریا دوبارہ سے بہنے لگے۔ ونگاری کا پیغام افریقہ میں پھیلنے لگا۔ آج، ونگاری کے بیجوں سے لاکھوں درخت اُگ چکے ہیں۔

ونگاری نے سخت محنت کی۔ دُنیا میں تمام لوگوں نے اُس
کے کام پر غور کیا اور اُ سے ایک مشہور تحفہ دیا۔ ا سے نوبل
امن کا تحفہ کہا جاتا ہے۔ اور یہ تحفہ حاصل کر نے والی وہ پہلی
افریقی خاتون تھیں۔

ونگاری 2011 میں وفات پا گئی۔ لیکن جب بھی ہم خوبصورت
درخت دیکھتے ہیں ہم اُ سے یاد کر سکتے ہیں۔

Barnebøker for Norge

barneboker.no

ایک چھوٹا بیج: ونگاری ماتھائی کی کہانی

Skrevet av: Nicola Rijsdijk
Illustret av: Maya Marshak
Oversatt av: Samrina Sana

Denne fortellingen kommer fra African Storybook (africanstorybook.org) og er videreformidlet av Barnebøker for Norge (barneboker.no), som tilbyr barnebøker på mange språk som snakkes i Norge.

Dette verket er lisensiert under en Creative Commons
Navngivelse 4.0 Internasjonal Lisens.